سوال

(406) منگنی توڑنے والے کے اپنی منگیتر کو دیے ہوئے تحائف کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

منگنی توڑنے والے کے اپنی منگیتر کو دیے ہوئے تحائف کا کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

منگنی کرنے والے مرد و عورت کی منگنی جب مرد کی طرف سے ٹوٹے تو مرد کو اس کو دیے ہوئے تحائف میں سے کچھ بھی واپس نہیں ملے گا، چاہے وہ عورت میں ظاہر ہونے والے کسی عیب کی وجہ سے ہی کیوں نہ منگنی توڑ رہا ہو لیکن اگر منگنی توڑنے والی عورت ہو تو مرد نے جو کچھ اس کو دے رکھا ہو گا وہ واپس لے گا۔ (عفیفی رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 348

محدث فتویٰ